© rasailojaraid.com



## مدنی مسجد اہل حدیث کھوہار میں تبلیغی واصلاحی جلسہ

مورخہ 13 مارچ بروز اتوار مدنی مسجد اہل حدیث کھوہار میں عظمتِ مصطفیٰ ﷺ کے موضوع پر تبلیغی واصلاحی جلسہ منعقد ہوا جس میں قاری محمد بشیر آف آزاد کشمیر نے بہترین خطاب فرمایا جس میں کھوہار کے علاوہ پوران اور دیگر علاقوں سے لوگوں نے شرکت کی۔

## وفیات

## مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کو صدمہ

مورخہ 13 جنوری بروز جمعرات جامعہ کے مدیر التعلیم مولانا محمد عبداللہ کا دو ماہ کا چھوٹا بیٹا عبدالقادر مدنی وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ جامعہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی جس میں اساتذہ وطلبہ کے علاوہ کافی تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## مولانا خرم شہزاد، ملک عبدالغفار برقی اور مختار احمد برقی کو صدمہ

مورخہ 15 جنوری بروز ہفتہ مولانا خرم شہزاد کی پھوپھی، ملک عبدالغفار برقی کی والدہ اور مختار احمد برقی کی بھابھی محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## جماعت کی معروف مبلغہ محترمہ عابدہ یزدانی کا انتقال پر ملال

مورخہ 19 جنوری بروز بدھ علامہ حبیب الرحمٰن یزدانی ؒ کی ہمشیرہ اور جماعت کی معروف مبلغہ محترمہ عابدہ یزدانی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نے اپنی پوری زندگی دین کی تبلیغ کیلئے وقف کر رکھی تھی۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مرید کے میں حضرت مولانا محمد حنیف ربانی نے پڑھائی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ نے نماز جنازہ میں شرکت کی۔

## ایاز احمد و آفتاب احمد (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 19 جنوری بروز بدھ مولانا نذیر حسین مرحوم کے بڑے بیٹے ایاز احمد کی پوتی اور آفتاب احمد کی تین سال کی چھوٹی بیٹی وفات پاگئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## شیخ خلیل احمد، شیخ اسجد محمود و شیخ امجد محمود کو صدمہ

مورخہ 22 جنوری بروز ہفتہ شیخ خلیل احمد کی ہمشیرہ اور شیخ اسجد محمود و شیخ امجد محمود کی خالہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمود بٹ و مسعود بٹ (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 24 جنوری بروز سوموار محمود بٹ و مسعود بٹ (چوک اہل حدیث) کی خالہ محترمہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ انتہائی نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کو صدمہ

مورخہ 26 جنوری بروز بدھ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل کی خالہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ بیماری کے باوجود عبادت گزار خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ مولانا محمد اکرم جمیل نے کاموکی میں پڑھائی۔

## شیخ محمد احسان و محمد عاصم (چوک اہل حدیث) کو صدمہ

مورخہ 11 فروری بروز جمعہ شیخ محمد سلیم مرحوم (عرف کاکا) کا بیٹا، شیخ محمد احسان کا بھائی اور محمد عاصم کا ماموں شیخ محمد طاہر ایکسیڈنٹ ہونے کی وجہ سے اچانک وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## عابد حسین، واجد حسین اور مناظر حسین (چکری پنڈ دادنخان) کو صدمہ

مورخہ 18 فروری بروز جمعہ عابد حسین، واجد حسین و مناظر حسین کے والد ساجد حسین (چکری پنڈ دادنخان) طویل علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم اپنے علاقہ میں جماعت کے انتہائی مخلص بزرگ تھے۔ دینی پروگراموں میں شرکت کا بڑا ہی شوق تھا اور مسلک کی محبت ان کے دل میں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھی۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد عادل و محمد جہانگیر کو صدمہ

مورخہ 21 فروری بروز سوموار محمد عادل کے والد اور محمد جہانگیر کے بھائی منیر احمد وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مسجد مبارک اہل حدیث مشین محلہ نمبر 3 کے مستقل نمازی اور با اخلاق انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## خورشید احمد (خورشید جیولرز)، فاروق احمد یوسفی و محمد صدیق یوسفی کو صدمہ

مورخہ 22 فروری بروز منگل خورشید احمد (خورشید جیولرز) کی پھوپھی، فاروق احمد یوسفی و محمد صدیق یوسفی کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ نیک اور با اخلاق خاتون تھیں۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## رئیس الجامعہ و مدیر الجامعہ کو صدمہ

مورخہ یکم مارچ بروز منگل رئیس الجامعہ کی پھوپھی اور مدیر الجامعہ کی نانی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم و صلوٰۃ اور تلاوت قرآن کی پابند خاتون تھیں۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین''، جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)


پرسکون عمرہ کی ادائیگی کیلئے

بااعتماد نام

الحرا

انٹرنیشنل (پرائیویٹ) لمیٹڈ

ٹریولز اینڈ ٹورز

رہائش و ٹرانسپورٹ آپ کی مرضی کے مطابق

فیملی/اکانومی و سٹار پیکیج کیلئے عمرہ کی بکنگ جاری ہے۔

چیف ایگزیکٹو: اکرام الحق 0321-5903002

ہیڈ آفس: آفس نمبر 4 فسٹ فلور جاوید بلڈنگ سول لائن جہلم

فون: 0544-405936 , 0544-720239 فیکس: 0544-620510


© rasailojaraid.com